
# رائے عامہ سروے | تعلیم اور اسکول کا نظام

**73% پاکستانی والدین کا کہنا ہے کہ اگر اسکول یا حکومت کی جانب سے پبلک ٹرانسپورٹ کی سہولت فراہم کی جائے تو وہ اپنے بچوں کو اسکول بھیجنے کے لیے اس سہولت کا استعمال کریں گے؛ ایف اے سے کم تعلیم یافتہ والدین میں اس سہولت کو استعمال کرنے کا رجحان نسبتاً زیادہ رہا(74%)۔**

فرض کریں کہ اگر اسکول یا حکومت کی جانب سے کوئی پبلک ٹرانسپورٹ جیسی سہولت فراہم کی جائے تو کیا آپ (منتخب بچے کا نام) کو اسکول بھیجنے کے لیے اسے استعمال کریں گے؟




Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com;
www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## تعلیم اور اسکول کا نظام

پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کا جائزہ لینے کے حوالے سے جاری ہونے والی پریس ریلیز 4
"اسکول کی جانب سے فراہم کی جانے والی پبلک ٹرانسپورٹ کا مطالبہ"

**73% پاکستانی والدین کا کہنا ہے کہ اگر اسکول یا حکومت کی جانب سے پبلک ٹرانسپورٹ کی سہولت فراہم کی جائے تو وہ اپنے بچوں کو اسکول بھیجنے کے لیے اس سہولت کا استعمال کریں گے؛ FA سے کم تعلیم یافتہ والدین میں اس سہولت کو استعمال کرنے کا رجحان نسبتاً زیادہ رہا (74%)۔**

(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)

(اسلام آباد)، 13 اگست 2026


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، اسکول جانے والے بچوں کے تقریباً تین چوتھائی والدین کا کہنا ہے کہ اگر اسکول یا حکومت کی جانب سے پبلک ٹرانسپورٹ کی سہولت فراہم کی جائے تو وہ اپنے بچوں کو اسکول بھیجنے کے لیے اس سہولت کا استعمال کریں گے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسکولوں میں باقاعدہ ٹرانسپورٹ سسٹم کی بہت زیادہ ضرورت ہے۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے "پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کو سمجھنے" کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔ اس سیریز کی پچھلی پریس ریلیز "اسکول جانے والے بچوں کے آمدورفت کے ذرائع" تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

اس موضوع پر تفصیلی رپورٹ گیلپ پاکستان کی ویب سائٹ پر موجود ہے، اس تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب پاکستانی والدین، جن کے بچے اس وقت اسکول میں پڑھ رہے ہیں، سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"فرض کریں کہ اگر اسکول یا حکومت کی جانب سے کوئی پبلک ٹرانسپورٹ جیسی سہولت فراہم کی جائے تو کیا آپ اپنے بچے کو اسکول بھیجنے کے لیے اسے استعمال کریں گے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 73% والدین کے مطابق، ہاں، وہ اس سہولت کا استعمال کریں گے، جبکہ 26% کے مطابق، نہیں وہ اس سہولت کو استعمال نہیں کریں گے۔ جبکہ 1% والدین نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔ ان نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسکول جانے والے بچوں کے والدین میں اسکول یا حکومت کی جانب سے فراہم کی جانے والی ٹرانسپورٹ کی سہولت کی کافی مانگ ہے۔


**"فرض کریں کہ اگر اسکول یا حکومت کی جانب سے کوئی پبلک ٹرانسپورٹ جیسی سہولت فراہم کی جائے تو کیا آپ (منتخب بچے کا نام) کو اسکول بھیجنے کے لیے اسے استعمال کریں گے؟**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1415 خواتین اور مرد حضرات سے 18 مارچ 2026 تا 31 مارچ 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-±2 لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**تعلیم کے اعتبار سے نتائج**: FA سے کم تعلیم یافتہ والدین میں اسکول یا حکومت کی جانب سے فراہم کی جانے والی پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کرنے کا رجحان نسبتاً زیادہ ہے۔ جن میں 74% کا یہ کہنا تھا کہ وہ اس سہولت کا استعمال کریں گے، جبکہ FA یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ والدین میں یہ شرح 68% پائی گئی۔ اگرچہ دونوں گروپوں میں اس سہولت کے استعمال کی شرح کافی زیادہ ہے، تاہم کم تعلیم یافتہ والدین میں منظّم اسکول ٹرانسپورٹ کی نسبتاً زیادہ مانگ دیکھنے میں آتی ہے۔




Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

مجموعی طور پر نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ والدین میں اسکول یا حکومت کی جانب سے فراہم کی جانے والی ٹرانسپورٹ کی سہولت میں خاصی دلچسپی موجود ہے۔ تقریباً ہر 4 میں سے 3 والدین کا کہنا ہے کہ وہ ایسی سہولت استعمال کریں گے۔ اس سہولت کو استعمال کرنے کے حوالے سے زیادہ شرح ظاہر کرتی ہے کہ منظّم ٹرانسپورٹ ان گھرانوں کے لیے مفید ثابت ہو سکتی ہے جو اپنے بچوں کے اسکول آنے جانے کے لیے ایک قابلِ اعتماد ذریعہ چاہتے ہیں۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 13 August 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)